© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

- صدارت چھوڑنے کے بعد کتاب لکھوں گا۔ (بش)

اور عنوان ہوگا ''پاپوش کہانی''

- مانتا ہوں میرے دور میں سنگین غلطیاں ہوئیں۔ (مشرف)

اُس وقت تو آپ کہتے تھے ''میں اللہ میاں کی اتھارٹی ہوں''

- پاکستان ممبئی حملوں میں ملوث نہیں۔ (ڈیوڈ ملی بینڈ کا اعلان)

ڈیوڈ نے ملی بینڈ بجا دیا۔

- سرکاری جلسوں میں پٹواری اور پولیس والے آتے ہیں۔ (پرویز الٰہی)

آپ کی سرکار مدار میں تو آسمان سے ''فرشتے'' اتر کر آتے تھے

- پاکستان بھیڑ ہے اور امریکہ چرواہا۔ (کونڈو لیزا رائس)

چرواہا نہیں، بھیڑیا

- ممبئی حملوں میں پاکستان ہی کا ہاتھ ہے۔ (سلمان رشدی)

آرزو ہے کہ تو یہاں آئے
پھر بتائیں تجھے ہاتھ کس کا ہے؟

- گدی نشین نے بہشتی دروازہ کھول دیا۔ (ایک خبر)

اور ''بہشتی'' کا ایک معنیٰ ہے...... سقا، ماشکی، واٹر مین!

- شیخ رشید ایک ہی ملاقات میں مشرف بہ زرداری ہوگئے۔ (جاوید ہاشمی)

کیسے کیسے ایسے ویسے ہو گئے
ایسے ویسے کیسے کیسے ہو گئے

- شکاگو میں مشرف کے خلاف جوتا برداروں کا مظاہرہ۔ (ایک خبر)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہاتھ اٹھاتے نہیں نظروں سے گرا دیتے ہیں
بش مش ہو تو جوتوں کی سزا دیتے ہیں

- انتہاپسندوں کی طرف سے مسلسل قتل کی دھمکیاں۔(متنازعہ مصنفہ تسلیمہ نسرین)

ہور چوپو گنّے!

- پارٹی قیادت ایسے ہاتھوں میں گئی جو خود ڈوبی، ہمیں بھی ڈبویا۔(چودھری شجاعت)

کب کھلا تجھ پہ یہ راز، آج سے پہلے کہ بعد؟

- وفاقی وزراء کی رہائش گاہیں لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ۔(ایک خبر)

صرف لوڈشیڈنگ نہیں اور بھی بہت سے استثناءات ہیں!

- بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم نہیں کرسکتے، عوام صبر کریں۔(راجہ پرویز اشرف)

''یا کراس کر، یا برداشت کر''

- صدر زرداری نے رچرڈ باؤچر کو ہلالِ قائداعظم عطا کیا۔(ایک خبر)

کیا باؤچر کو ڈرون حملے کرانے کے اعتراف میں ایوارڈ دیا۔(اپوزیشن)

- جمہوری جدوجہد کرنے پر شیری رحمٰن کے لیے ''ڈیموکریسی ہیرو'' ایوارڈ۔(ایک خبر)

''بیوروکریسی ہیرو'' رحمٰن ملک کو بھی ایوارڈ دیا جائے۔

- اسامہ بن لادن کو مردہ یا زندہ گرفتار دیکھنے کی حسرت ہے۔(ڈک چینی)

ایک بار دیکھا ہے، دوسری بار دیکھنے کی حسرت ہے

- جسٹس افتخار کی بحالی مسلم لیگ ن کا ذاتی معاملہ ہے۔(یوسف رضا گیلانی)

ہم بہو بیٹیاں یہ کیا جانیں؟

- پرویز مشرف کے خلاف انوکھا احتجاج، نیویارک میں پرانے جوتے جمع کرنے کی مہم (ایک خبر)

ج۔س۔م۔ف (جوتوں سے مرمت فرمائیں)



© rasailojaraid.com